سوال نمبر 446

منجانب:۔ جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرآبپاشی ارشادفرمائیں گے کہ

سوال	جواب
(ا) آیا یہ درست ہے کہ سال 2013 سے 2018 تک مختلف سکیموں کے لئے مختلف اضلاع کوفنڈز دیئے گئے ہیں؟	جی ہاں یہ درست ہے کہ سال 2013 سے 2018 تک صوبہ کے مختلف اضلاع میں آبپاشی کے منصوبوں کے لئے حسب ضرورت فنڈز مہیا کئے گئے ہیں۔
(ب) اگرالف کاجواب اثبات میں ہوتو مذکورہ عرصہ میں جن جن اضلاع کو فنڈفراہم کیاگیا ہے۔ضلع وائزتفصیل فراہم کی جائے نیز مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع پشاور میں اوچ نہر کی بحالی کیلئے حکومت نے کیااقدامات کئے تھے اگرنہیں تو نظرانداز کرنے کی وجوہات بتائی جائیں؟	سال 2013 سے 2018 تک ضلع وائزفراہم شدہ فنڈز کی تفصیل ضمیمہ۔الف پرلف ہے۔ مزید برآں عرصہ مذکورہ میں حکومت ورسک کینال سسٹم کی ری ماڈلنگ کیلئے ایک منصوبہ تقریباً 11 ارب روپے کی لاگت سے منظور کیا ہےاوراس منصوبہ پرانتہائی تندہی سے کام ہورہا ہے۔اس منصوبہ میں ورسک لفٹ کینال (اوچ نہر)اورورسک گریویٹی کینال پرکام کیاجارہا ہے۔ پہلے مرحلے میں ورسک لفٹ کینال میں پانی کی بحالی کیلئے ورسک پمپ ہاؤس میں پرانے اوربوسیدہ پمپس تبدیل کئے جائیں گے تاکہ نہرمذکورہ کو مقررہ پانی بہم پہنچایا جاسکے۔اس سلسلے میں پمپوں کی برآمدگی کاکنٹریکٹ ایوارڈ ہوچکا ہےاورپمپوں کی منیوفیکچرنگ بیرون ملک میں شروع ہےاور اُمید ہے کہ اگلے سال ماہ نومبرتک پمپوں کی تنصیب ممکن ہوجائے گی۔ علاوہ ازیں منصوبہ کے دوسرے مرحلے میں ورسک ڈیم سے ایک نئی ٹنل بنائی جائے گی جس سے ورسک گریویٹی کینال اورورسک لفٹ کینال کو اضافی پانی بھی مہیا کیاجائے گا۔

سال (2013 سے 2018) تک سالانہ ترقیاتی پروگرام میں مختلف اضلاع میں خرچ شدہ رقم کی تفصیل

نمبرشمار	نام ضلع	خرچ شدہ رقم(ملین روپے)
1	ایبٹ آباد	645.05
2	بنوں	741.88
3	بٹگرام	100.90
4	بونیر	217.11
5	چارسدہ	3485.85
6	چترال	91.88
7	ڈی آئی خان	1890.56
8	دیر	1216.89
9	ہنگو	79.43
10	ہری پور	957.18
11	کرک	398.47
12	کوہاٹ	180.75
13	کوہستان	68.49
14	ملاکنڈ	367.82
15	مانسہرہ	404.23
16	مردان	1567.90
17	نوشہرہ	8211.44
18	پشاور	3369.88
19	شانگلہ	127.94
20	صوابی	2139.31
21	سوات	2244.15
22	ٹانک	124.90
23	تورغر	61.53
	ٹوٹل	**28693.53**